مدیر کے نام

عبدالرشید عراقی ، وزیرآباد

'سیّد قطب شہید: قرآنی دعوت انقلاب کے داعی' (جولائی ۲۰۱۵ء) حدیث نبویؐ افضل الجهاد کلمة عدل (او حق) عند سلطان جائر (ابوداؤد، ترمذی، نسائی) کی صحیح عکاسی ہے، اور سیّد قطب شہید کی جرأت، بے باکی اور شجاعت کی اعلیٰ مثال ہے۔ اس مضمون کے مطالعے سے ایمانی جرأت میں اضافہ ہوگا۔

ڈاکٹر شگفتہ حسین ، کراچی

پاکستان کے نئے بجٹ پر اشارات میں ایک عالمانہ تجزیہ پڑھ کر اندازہ ہوا کہ ہمارے منتخب ادارے اور قیادت قوم کے ساتھ کیا کھیل کھیل رہے ہیں۔

ہمایوں اختر ، ملتان

'بجٹ اور پاکستانی معیشت کو درپیش چیلنج' (جولائی ۲۰۱۵ء) بہت خوب تجزیہ ہے۔ اگر وہ پاکستان، بھارت اور برطانیہ کی معیشت کا تقابلی جائزہ بھی پیش کرسکیں تو موزوں ہوگا۔

محمد اسلم سلیمی ، لاہور

فہم قرآن کے ضمن میں 'اہلِ جنت کے اوصاف' کے زیرعنوان تفسیر تفہیم القرآن، جلد پنجم سے اخذ کردہ مضمون بہت خوب اور مفید ہے۔ اس میں ص ۲۳ پر سورۂ قٓ کی چار آیات درج ہیں۔ ان میں سے آیت ۳۳ میں 'بقلب منیب' میں حرف 'ن' لفظ منیب کے ساتھ جڑ گیا ہے جو درست نہیں، جب کہ مضمون 'مقامِ عبرت' ایک چشم کشا تحریر ہے۔

قاضی سمیع اللّٰہ ، لاہور

'غزوۂ بدر اور نصرتِ الٰہی کا قانون' ایک ایمان افروز تذکرہ ہے۔

احمد سہیل ، کوئٹہ

عالمِ اسلام کے مسائل کے بارے میں جو معلومات عالمی ترجمان القرآن سے پڑھنے کو ملتی ہیں، اس قدر جامعیت سے یہ چیزیں کہیں اور کم ہی نصیب ہوتی ہیں۔

تصحیح: ● (جولائی ۲۰۱۵ء) درست: تن ہمہ داغ داغ شد، پنبہ کجا نہم (ص ۱۴، سطر ۱۲) / درست: ملاءِ اعلیٰ (ص ۴۲، سطر ۱۷) ● (جون ۲۰۱۵ء) درست: خوب کہا امام مالک نے: (ص ۱۸، سطر ۵)